خواتین پر تشدد اور کووڈ -19 سے متعلق ڈیٹا جمع کرتےوقت فیصلے کی کارروائی

آپ اعدادوشمار یا ڈیٹا کیوں حاصل کرنا چاہتے ہیں اور اسے کس طرح استعمال کیا جائے گا؟

کون کون سے سوالات پوچھنا مفید رہے گا؟

لوگوں سے کئے جانے والے سروے کے ممکنہ سوالات جن کا جواب لیا جا سکتا ہے:

- کیا تشدد میں اضافہ ہوا ہے؟
- کیا تشدد کی نوعیت، شکل یا شدت میں کوئی تبدیلی آئی ہے؟
- کیا تشدد کا خطرہ پیدا کرنے والے/ اس سے تحفظ دینے والے عوامل میں کوئی تبدیلی آئی ہے؟

ممکنہ سوالات جن کے جوابات دیگر اعدادوشمار سے حاصل کئے جا سکتے ہیں:

- کیا تشدد کی نوعیت، شکل یا شدت میں کوئی تبدیلی آئی ہے؟
- کیا خدمات سے استفادہ کرنے کے رجحان میں کوئی کمی یا بیشی آئی ہے؟
- کیا لوگ خدمات سے استفادہ کر رہے ہیں اور/ یا خدمات کی فراہمی کے طریقہ کار میں کوئی تبدیلی آئی ہے اور کیا یہ محفوظ اور موثر ہیں؟

کیاپہلے سے موجود ڈیٹا سے ان عام سوالوں کے جواب ملتے ہیں جن کا جائزہ آپ لے رہے ہیں؟

ہاں

پہلے سے موجود ڈیٹا یا اعدادوشمار کو استعمال کریں!

- پہلے سے موجود سروے کے ڈیٹا کا جائزہ لیں۔
- خدمات فراہم کرنے والے اداروں کے پاس موجود کیس ریکارڈ کا تجزیہ کریں (کووڈ-19 سے پہلے اور اس کے دوران)

نہیں

بنیادی تحقیق کے ممکنہ طریقے جو محفوظ بھی ہیں اور جن سے متعلقہ معلومات بھی مل سکتی ہیں:

- **خدمات فراہمی کی تفصیل جمع کریں:** ان میں وہ تبدیلیاں بھی شامل کریں جو ان خدمات کی دستیابی اور ان کے پاس موجود وسائل میں آئی ہیں۔
- **مختصر سروے کریں** یا خدمات فراہم کرنے والوں کے کے مخصوص **لوگوں سے معلومات حاصل کرنے کے لئے ان کے انٹرویو کریں۔**
- **اگر بحفاظت طریقے سے ممکن ہو اور وہ مکمل طور پر رضامند ہوں تو متاثرہ فرد کا انٹرویو کریں** (مثلاً خواتین کی تنظیمیں، صحت کے ادارے یا دارالامان وغیرہ)

کیا ملک میں قومی سطح پر لاک ڈاون نافذ ہے یا لوگوں کی نقل وحرکت پر کوئی بڑی پابندیاں عائد ہیں؟

نہیں

کیا آپ رازداری، پرائیویسی اور معاونت کو یقینی بنا سکتے ہیں؟

ہاں

تشدد کے بارے میں سروے یا انٹرویو کے ذریعے ڈیٹا حاصل کرنا محفوظ ہے۔

اہم بات!

نمائندہ ڈیٹا صرف بلاترتیب منتخب کی گئی خواتین پر مشتمل نمونے کے ایک گروپ سے حاصل کیا جا سکتا ہے کہ کووڈ -19 سے پہلے، اس کے دوران اور اس کے بعد کتنی خواتین کو تشدد کا سامنا کرنا پڑا (تشدد کی شرح)۔

نہیں

ایسا نہ کریں

انٹرویو کرنے والے بحفاظت طریقے سے گھروں میں نہیں جا سکتے اوررازداری کے ساتھ علیحدگی میں انٹرویو نہیں کر سکتے۔

کیا میں خواتین پر تشدد کی موجودگی کا اندازہ لگانے کے لئے خدمات فراہمی کے ادروں سے ملنے والا ڈیٹا استعمال کر سکتا/ سکتی ہوں؟ (مثلاً پولیس رپورٹیں، ہیلپ لائن پر کی گئی کالز، درالامان سے ملنے والا ڈیٹا)

ایسا نہ کریں

نہیں۔ تشدد یا بدسلوکی کا شکار ہونے والی بہت کم خواتین خدمات سے استفادہ کرتی ہیں۔ خدمات سے استفادہ کے ڈیٹا میں اگر کوئی تبدیلی ظاہر ہو تو اس کا یہ مطلب لینا درست نہیں کہ تشدد کی شرح میں بھی تبدیلی آئی ہے۔ خدمات سے ملنے والا ڈیٹا مختلف سوالات کے جوابات دینے میں مفید رہتا ہے۔

کیا میں کووڈ-19 کے اثرات سے متعلق مختصر تجزیے کے لئے لوگوں سے کئے جانے والے سروے میں تشدد سے واسطہ پڑنے کے کسی واقعات پر چند سوالات شامل کر سکتا/ سکتی ہوں؟

ایسا نہ کریں

کیا میں تشدد کی موجودگی کے بارے میں ڈیٹا حاصل کرنے کے لئے فون پر انٹرویو کر سکتا/ سکتی ہوں یا انٹرنیٹ/ موبائل فون کا استعمال کرتے ہوئے ڈیٹا حاصل کر سکتا/ سکتی ہوں؟

نہیں۔ تشدد کے بارے میں کسی بھی سروےمیں خواتین کی شمولیت، خاص طور پر جب وہ گھر پر ہوں اور ان کے ساتھ بدسلوکی کرنے والا شخص بھی وہاں موجود ہو، کا نتیجہ مزید تشدد کی صورت میں برآمد ہو سکتا ہے اور/ یا ڈیٹا ناقص ہو گا۔

کیامختصر تجزیے کی تیاری میں دوسرے لوگوں سے متعلق سوالات شامل کرنا مفید رہے گا (مثلاً تشدد کے ایسے واقعات جو دوسرے لوگوں کے ساتھ پیش آئے ہوں)؟

ایسا نہ کریں

نہیں۔ ہمیں یہ پتہ نہیں چل سکے گا کہ اس سے کیا معلومات ملتی ہیں۔ اس پر عمل نہیں ہو سکتا۔

یاد رکھیں: خواتین کا تحفظ ڈیٹا حاصل کرنے سے زیادہ ضروری ہے

برائے مہربانی تفصیلات کے لئے منسلک رہنما کتابچہ سے مدد لیں(جو بہت جلد دستیاب ہو گا)

30 جون 2020